اگر تم نہ ہوتے تو میں اپنی ربوبیت ظاہر نہ کرتا۔ کیا یہ حدیث ہے؟

مجیب: محمد عرفان مدنی عطاری

فتوی نمبر: WAT-1747

تاریخ اجراء: 27ذوالقعدۃالحرام1444ھ/16جون2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا یہ حدیث ہے: "اگر تم نہ ہوتے تو میں اپنی ربوبیت ظاہر نہ کرتا۔"؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ملفوظات اعلی حضرت میں اس طرح کے سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا کہ: ان لفظوں کی حدیث تو میں نے نہیں دیکھی البتہ! صوفیا کی کتب میں یہ الفاظ موجود ہیں اور اس کا مفہوم و معنی صحیح حدیث کے مطابق ہے کیونکہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ:

"اے محبوب! (علیہ الصلوۃ والسلام) اگر آپ نہ ہوتے تو میں دنیا نہ بناتا۔"

اور یہ واضح ہے کہ جب دنیا نہ ہوتی تو آخرت بھی نہ ہوتی کیونکہ آخرت اعمال کی جزا ملنے والا گھر ہے اور دنیا اعمال کرنے والا گھر ہے۔ پس جب اعمال کرنے والا گھر نہ ہوتا تو جزا ملنے والا گھر بھی نہ ہوتا۔ تو اب روایت کا مطلب یہ بنا کہ:

"اے محبوب! (علیہ الصلوۃ والسلام) اگر آپ نہ ہوتے تو میں نہ دنیا بناتا اور نہ آخرت بناتا۔"

پس جب نہ دنیا ہوتی اور نہ آخرت، تو خدا کا خدا ہونا، کس پر ظاہر ہوتا؟ پس یہی معنی ہیں اس کے کہ: "اے محبوب! (علیہ الصلوۃ والسلام) اگر آپ نہ ہوتے تو میں اپنا خدا ہونا، اپنی الوہیت کو ظاہر نہ کرتا۔"

چنانچہ ملفوظات اعلی حضرت میں اس روایت کے متعلق سوال ہوا: "عرض: یہ حدیث ہے "لولاک لما اظھرت الربوبیۃ"؟"

اعلی حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے جوابا ارشاد فرمایا: "میں نے حدیث میں نہیں دیکھا، ہاں صوفیہ کی کتاب میں آیا "لولاک لما اظھرت الربوبیتی" بہ این معنی (یعنی اس معنی میں) صحیح اور صحیح حدیث کے موافق ہیں، صحیح حدیث میں ہے: "لقد خلقت الدنیا واھلھا لاعرفھم کرامتک ومنزلتک عندی ولولاک ما

خلقت الدنیا ''ترجمہ: اے میرے حبیب میں نے دنیا اور اہل دنیا کو اس لیے پیدا کیا کہ جو عزت و منزلت تمہاری میرے یہاں ہے میں ان کو پہنچوادوں اور اے میرے حبیب اگر تم نہ ہوتے تو میں دنیا کو نہ پیدا کرتا۔

یعنی اور نہ آخرت کو کہ دنیا دار العمل اور آخرت دار الجزا ہے۔ جب دار العمل نہ ہوتا، دار الجزا کہاں سے آتا؟ یہ تو اس پر متفرع (یعنی موقوف) ہے، تو جب نہ دنیا ہوتی نہ آخرت تو خدا کا خدا ہونا کس پر ظاہر ہوتا۔ یہی معنی ہیں اس کے کہ اے میرے حبیب اگر تم نہ ہوتے، تو میں اپنا خدا ہونا، اپنی الوہیت ظاہر نہ کرتا۔ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم۔" (ملفوظات اعلی حضرت، حصہ 4، صفحہ 521، مکتبۃ المدینہ: کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net